ادارہ

اخبار الاحرار

عبداللطیف خالد چیمہ کا لاہور میں مختلف اجتماعات سے خطاب

لاہور (۳رمئی) مجلس احرارِ اسلام پاکستان کے سیکرٹری جنرل عبداللطیف خالد چیمہ نے مسجد عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ شیرازی ٹاؤن لاہور میں نماز جمعۃ المبارک کے اجتماع میں ''عصر حاضر میں تحفظ ختم نبوت کے تقاضے'' کے موضوع پر خطاب کرتے ہوئے کہا کہ سیاسی جماعتوں کو حقیقی بنیادوں پر اس بات کی ضمانت دینی چاہیے کہ دستوری تقاضوں کے مطابق وہ اسمبلی کے اندر اور باہر عقیدۂ ختم نبوت کے تحفظ اور 1974ء والی قراردادِ اقلیت کے دفاع کے لئے اپنا کردار ادا کرتی رہیں گی ،انہوں نے کہا کہ پیپلز پارٹی ،(ن) لیگ، تحریک انصاف ،ایم کیو ایم اور اے این پی کو یاد رکھنا چاہیے کہ لاہوری وقادیانی مرزائیوں کو غیر مسلم اقلیت قرار دیے جانے کے پیچھے ہزاروں شہداءِ ختم نبوت نے اپنا مقدس خون پیش کیا اور اُمت نے طویل قربانیاں دی ہیں ،انہوں نے کہا کہ بعض اعلیٰ سرکاری عہدوں پر مسلط قادیانی ملک وملت کے خلاف گھناؤنی سازشوں میں مصروف ہیں اور بعض سیاسی قائدین قادیانیوں کو پرموٹ کر رہے ہیں، بعدازاں ''یوم صدیق اکبر رضی اللہ عنہ'' کے ایک اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ خلیفہ بلافصل سیدنا صدیق اکبر رضی اللہ عنہ نے فتنہ ارتداد مسیلمہ کذاب کا قلع قمع کر کے تحفظ ختم نبوت کا دفاع کیا، آج پھر دجالی فتنہ ارتدادِ مرزائیہ سر اُٹھا رہا ہے۔

اقلیت کا لفظ اور نواز شریف!

چیچہ وطنی (۱۰رمئی) تحریک ختم نبوت کے ممتاز رہنما اور مجلس احرارِ اسلام پاکستان کے امیر مرکزیہ سید عطاء المہیمن بخاری اور سیکرٹری جنرل عبداللطیف خالد چیمہ نے کہا ہے کہ مسلم لیگ (ن) کے قائد میاں نواز شریف کا کہنا کہ ''لغت میں اقلیت کا لفظ مجھے پسند نہیں'' سے دین بیزاری اور قادیانیت نوازی کی بو آتی ہے انہیں ہوش کے ناخن لینے چاہیں ،انہوں نے کہا کہ بانی پاکستان مسٹر محمد علی جناح نے تو اقلیت کا لفظ بولا بھی اور اقلیتوں بارے بہت کچھ کہا۔ نہ جانے نواز شریف کو کیا ہو گیا اور وہ کیوں سیکولرازم کا شکار ہوتے چلے جا رہے ہیں، انہوں نے کہا کہ دیگر سیاسی جماعتوں کی طرح (ن) لیگ میں بھی قادیانی ایلیمنٹ اثر انداز ہونے کی کوشش کر رہا ہے نواز شریف سمیت تمام سیاستدان کان کے نہیں دل کے دروازے کھول کر سن لیں کہ لاہوری وقادیانی مرزائی قرآن وسنت، اجماعِ اُمت اور 1973ء کے آئین کی رو سے دائرہ اسلام سے خارج ہیں، سیاسی قائدین کی بھول ہے کہ وہ غیر مسلم یا اقلیت کا لفظ لغت یا آئین سے خارج کروا لیں گے، انہوں نے مطالبہ کیا کہ نواز شریف یہ جملہ واپس لیں اور قادیانیوں کو اپنا بھائی کہنا ترک کر دیں۔

مجلس احرار اسلام تلہ گنگ کا انتخاب

(تلہ گنگ) مجلس احرار اسلام تلہ گنگ کے انتخابی اجلاس منعقدہ مسجد سیّدنا ابوبکر صدیق میں حاجی ماسٹر غلام یٰسین کو صدر، حاجی چودھری عبدالرزاق ناظم، حاجی غلام شبیر نائب ناظم اور شیخ محمد فہیم اصغر کو بالاتفاق ناظم نشریات منتخب کر لیا گیا۔ جبکہ